PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 20th

Notice No. 2182

Received Dated 26 / 11 /2021

Admitted Dated 03 / 12 /2021

Department **Local Government**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2182

منجانب: عنایت اللہ، فخر جہان، سراج الدین، ہمایون خان، حمیرا خاتون، شفیع اللہ، حافظ عصام الدین، وزیر زادہ، محمد اعظم، اختیار ولی، صلاح الدین، اور شکیل بشیر خان، اراکین صوبائی اسمبلی

ہم وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتے ہیں وہ یہ کہ خیبر پختونخوا کابینہ نے محکمہ بلدیات و دیہی ترقی کے تحت سال 2013 میں ملاکنڈ ڈویژن کے چھ اضلاع کیلئے ابتدائی طور پر کمیونٹی ڈریون ڈیویلپمنٹ CDLD پروگرام کا اجراء کیا تھا جسکا بنیادی مقصد دیہی علاقوں میں عوام کو روزمرہ سہولیات کی فراہمی کیلئے چھوٹے منصوبے عوام کے اشتراک سے دیہی تنظیموں کے ذریعے گاؤں کی سطح پر کرائے جاتیں ہیں تاکہ عوام کو گھر کی دہلیز پر ضروریات زندگی کی روزمرہ سہولیات کی فراہمی ممکن بنائی جاسکیں ان عوامی منصوبہ جات میں عوامی شراکت داری اور احساس ملکیت کو یقینی بنانے کے لئے CDLD پروگرام کے تحت بنے والے مقامی تنظیمیں اپنے ترقیاتی منصوبوں میں مالی یا تعمیراتی مٹیریل کی صورت میں کمیونٹی شیئر بھی ڈالتی ہیں اور منصوبے کی دیکھ بال بھی مقامی تنظیم کرتی ہے۔ یہ ایک اچھا تجربہ تھا اور اسکا دائرہ کار اس وقت صوبے کے 12 اضلاع تک پھیل چکا ہے حکومت ہر سال اپنی سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل ADP میں اس منصوبے کیلئے رقم مختص کرتی ہے اسکے علاوہ یورپی یونین بھی اس پروگرام پر عمل درآمد کیلئے صوبائی حکومت کو مالی اور تکنیکی معاونت فراہم کرتی ہے اس پروگرام کے تحت گاؤں کی سطح پر لوگ اپنے منصوبوں کی نشاندہی وی سی ڈی پی کے ذریعے کرتے ہیں پھر ڈپٹی کمشنر آفس میں ان منصوبوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال ہوتی ہے اور مقررہ شرائط و ضوابط کے تحت ان منصوبوں کی تکنیکی و مالی منظوری دی جاتی ہے اس پروگرام کے تحت ہونے والے منصوبوں کے نتیجے میں دیہی علاقوں کی عوام کو بھرپور ریلیف مل رہا ہے اور عوام میں شراکت اقتدا کا احساس بھی پروان چڑھ رہا ہے حکومت کمیونٹی ڈریون ڈیویلپمنٹ سی ڈی ایل ڈی پروگرام کو مستقل کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔